# مجموعه پوستر

# محکومیت آل سعود توسط رهبری

## زبان اردو

مسلمانوں کے لئے **موسم حج**، لوگوں کی نظر میں شکوہ و **افتخار** کا موسم اور خالق کی بارگاہ میں دل کو منور کرنے اور خشوع و مناجات کا موسم ہے۔ حج ایک ملکوتی، دنیاوی، **خدائی اور عوامی** فریضہ ہے۔



وہ **حجِ ابراہیمی** جو اسلام نے مسلمانوں کو **بطور ہدیہ** عطا کیا ہے، عزت و عظمت، معنویت، **وحدت اور شکُوہ** کا مظہر ہے، جو امت اسلامیہ کی **عظمت** اور **اللہ کی لازوال قوت** پر مسلمانوں کا بھروسہ اور اعتماد، کینہ پروروں اور دشمنوں کو **جتا دیتا ہے** اور **بین الاقوامی جابروں، بدمعاشوں** کی طرف سے انسانی معاشروں پر مسلط کردہ برائیوں، ذلتوں اور حقارتوں اور **عجز و بے بسی** کی **دلدل** سے ان کی دوری کو نمایاں کر دیتا ہے۔

02/09/2016

امام خمینی

tvshia.com






اسلامی اور توحیدی حج، جو اسلام نے مسلمانوں کو بطور ہدیہ عطا کیا ہے، "أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ" کا مظہر ہے؛ **مشرکین سے بیزاری** اور **مؤمنین کے درمیان الفت** اور وحدت و یکجہتی کا مقام ہے۔

02/09/2016

آل سعود الشجرة الملعونة

tvshia.com




جن لوگوں نے **حج کا رتبہ** ایک "**زیارتی ، سیاحتی**" سفر کی حد تک گھٹا دیا ہے، اور ایران کی مؤمن اور انقلابی ملت کے ساتھ اپنی **دشمنی** اور معاندت کو "**حج کو سیاسی کرنے**" کے عنوان کی آڑ میں چھپا رکھا ہے، چھوٹے چھوٹے حقیر سے **شیاطین** ہیں جو **شیطان اکبر امریکہ** کی خواہشات کے خطرے میں پڑنے سے تھر تھر **کانپنے** لگتے ہیں۔

02/09/2016

آل سعود الشجرۃ الملعونۃ




آل سعود الشجرة الملعونة

سعودی حکام جو اس سال "صدّ عن سبیل اللہ والمسجد الحرام" کرکے اور اللہ کے محبوب گھر کی جانب ایران کے غیور اور مؤمن حاجیوں کا راستہ بند کئے ہوئے ہیں، روسیاہ گمراہ ہیں جو اپنے ظالمانہ اقتدار کے تخت پر بقاء کو، عالمی مستکبرین کے دفاع و تحفظ اور صہیونیت اور امریکہ کے ساتھ اتحاد اور ان کی خواہشات پوری کرنے، میں ہی سمجھتے ہیں اور اس راستے میں بھی کوئی بھی خیانت کر گذرنے سے منہ نہیں پھیرتے۔

02/09/2016



tvshia.com





منٰی کے دہشت ناک اور ہراس انگیز حادثات سے ایک سال کا عرصہ گذر رہا ہے جس میں کئی ہزار افراد عید کے دن احرام کے لباس میں، دھوپ کی چادر تلے شدید تشنگی میں مظلومیت کے عالم میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے؛ اُس سے کچھ ہی دن قبل مسجد الحرام میں عبادت، طواف اور نماز کی حالت میں متعدد افراد خاک و خون میں تڑپا دیئے گئے۔ سعودی حکام ان دونوں واقعات میں قصوروار ہیں۔

امام خامنہ ای

02/09/2016








بعض صاحب رائے افراد نے اس گماں کو بھی **قوی** قرار دیا ہے کہ یہ واقعہ **ارادی اور عمدی** تھا۔ یہ بھی مسلّمہ حقیقت ہے کہ **نیم جان زخمیوں** کو نجات دینے میں ... **تاخیر اور غفلت** برتنا بھی قطعی اور مسلّم ہے۔ **سنگدل اور جرائم پیشہ سعودی افراد** نے انہیں بند دروازوں والے بیجان حاجیوں کے ساتھ کنٹینروں میں قید کرلیا، اور علاج و معالجے اور مدد کے بجائے۔ یا حتی ان کے تشنہ لبوں تک ایک قطرہ پانی پہنچانے کے بجائے، انہیں شہید کردیا۔

امام خامنہ ای

02/09/2016









آل سعود الشجرة الملعونة


**سعودی حکام** نے معذرت کرنے اور پشیمانی وندامت کا اظہار کرنے، اور اس ہولناک حادثے اور ارتکاب جرم میں براہ راست ملوث افراد پر مقدمہ چلانے کے بجائے **نہایت بیشرمی** اور بیحیائی کا ثبوت دیتے ہوئے، حتی بین الاقوامی اسلامی حقیقت یاب مشن (Fact finding Mission) تشکیل دینے سے بھی **انکار** کیا؛ ملزم کے کٹہرے میں کھڑے ہونے کے بجائے، مدعی کے مقام پر کھڑے ہوگئے۔

امام خامنہ ای

02/09/2016











ان کے تشہیری آلات۔ منجملہ وہ سیاستدان جو صہیونیوں اور امریکیوں کے سامنے ان کی روش عالم اسلام کے لئے باعث شرم ہے، اور وہ غیر پرہیزگار اور حرام خور مفتی جو اعلانیہ طور پر قرآن و سنت کے خلاف فتوے دیتے ہیں، اور ابلاغی دنیا کے ادنی ملازمین جن کی دروغ گوئی اور دروغ سازی میں پیشہ ورانہ ضمیر بھی آڑے نہیں آتا۔ اسلامی جمہوریہ ایران کو ایرانی حجاج کو اس سال کے حجّ سے محروم کرنے کا ملزم ٹھہرانے کی بیہودہ کوششوں میں مصروف ہیں۔

امام خامنہ ای

02/09/2016














وہ فتنہ انگیز حکام، جو تکفیری اور شرپسند ٹولے تشکیل دے کر اور کیل کانٹے سے لیس کرکے، دنیائے اسلام کو خانہ جنگی اور بیگناہوں کے قتل وجرح، سے دوچار کئے ہوئے ہیں اور یمن، عراق، شام، لیبیا اور بعض دیگر ممالک کو خون میں رنگ چکے ہیں؛ خدا سے غافل سیاست باز، جنھوں نے غاصب و جارح صہیونی ریاست کو دوستی کا ہاتھ دیا ہے اور فلسطینیوں کے جان لیوا مصائب و آلام پر آنکھیں بند کئے بیٹھے ہیں۔

امام خامنہ ای

02/09/2016

وہ بے دین اور بے ضمیر حکمران جنہوں نے منیٰ کے المیہ کے اسباب فراہم کیئے اور خادمین حرمین کے نام سے اللہ کے پر امن حرم کی حریم کو پامال کیا اور خدائے رحمان کے مہمانوں کو عید کے دن منیٰ کے مقام پر اور اس سے پہلے مسجد الحرام میں قربان کردیا۔۔۔ اور دوسروں پر ان عظیم گناہوں کا الزام لگا رہے ہیں جن کا ارتکاب انہوں نے خود کیا ہے یا پھر ان جرائم کے اسباب انہوں نے خود ہی فراہم کیئے ہیں۔

امام خامنہ ای

02/09/2016




tvshia.com




وہ ﴿آل سعود﴾ قرآن کریم کے اس بیان کا واضح ترین مصداق ہیں جہاں ارشاد ہوتا ہے:

اور جب آپ کے پاس سے منہ پھیرتے ہیں تو زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور کھیتیوں اور نسلوں کو برباد کرتے ہیں جب کہ خدا فساد کو پسند نہیں کرتا ہے () جب ان سے کہا جاتاہے کہ تقویٰ الٰہی اختیار کرو تو غرور گناہ کے آڑے آجاتا ہے ایسے لوگوں کے لئے جہنّم کافی ہے جو بدترین ٹھکانا ہے ۔

امام خمینی

02/09/2016




اس سال بھی، موصولہ رپورٹوں کے مطابق ایران اور بعض دیگر اقوام کے حجاج کا راستہ بند کرنے کے علاوہ، [سعودی حکام نے] امریکی اور صہیونی جاسوسی اداروں کی مدد سے دوسرے ممالک کے حجاج کرام کو غیر معروف اور غیر معمولی سیکورٹی کے دائرے میں مقید کرلیا ہے اور اللہ کے پرامن گھر کو سب کے لئے غیر محفوظ بنایا ہے۔

02/09/2016


tvshia.com